COVID-19 وباء کی وجہ سے اپنا کرایہ یا یوٹیلیٹیز ادا کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے؟

Fairfax ضلع کا نیا ہنگامی معاونتِ کرایہ داری (ERA) پروگرام مدد کرنے کے قابل ہو سکتا ہے

Fairfax ضلع نئے ہنگامی معاونتِ کرایہ داری (ERA) پروگرام کے ذریعے ان کرایہ داروں کے لیے ریلیف کا انتظام کر رہی ہے جن کو COVID-19 وباء کی وجہ سے منفی مالیاتی اثرات کے تجربے سے گزرنا پڑ رہا ہے۔

اس پروگرام کے ذریعے، آپ گزشتہ 13 مارچ 2020 تک کا زائد المیعاد کرایہ یا یوٹیلیٹی کی بقایا ادائیگیاں اور اقامتی استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے مستقبل کے تین مہینے کی رقوم ادا کرنے کے لیے فنڈز وصول کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں (یا آپ کا مالک مکان آپ کی جگہ درخواست دے سکتا ہے)۔ کل ادائیگیوں کو فی گھر کے لیے مجموعی طور پر 15 مہینوں کی کرایہ داری کی معاونت سے متجاوز نہیں ہونا چاہیئے۔ وہ افراد جنہوں نے پہلے Fairfax ضلع کی طرف سے اعانت وصول کی ہے وہ اس نئے پروگرام کے ذریعے دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔ تمام شہری جنہیں مالی مشکلات کا سامنا ہے ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ مربوط خدمات کی منصوبہ بندی (CSP) کو کال کریں کیونکہ ERA کے علاوہ بھی متعدد فنڈنگ کے وسائل دستیاب ہیں۔

CSP کیسے مدد کر سکتی ہے

- اقامتی ادائیگیاں (کرایہ، مورگیج، فیس، سکیورٹی ڈپازٹ)۔
- یوٹیلیٹیز (بجلی، گیس، پانی)۔

اہلیت

ERA پروگرام ان کرائے پر جائیداد دینے والے مالکان کو مالی امداد فراہم کرے گا جو کہ درج ذیل معیار پر پورا اترتے ہیں:

- ✓ جن کے نام پر لیز کا ایک درست معاہدہ یا دیگر ایسی دستاویزات ہوں جو مالک مکان-کرایہ داری کے تعلق کی تصدیق کرتی ہوں، اور جو درخواست دیتے وقت یونٹ میں رہ رہے ہوں۔
- ✓ جن کے کرائے کی رقم اتنی ہو جو مارکیٹ کے جائز کرائے کے 150% یا اس سے کم ہو۔
- ✓ جن کی کل گھریلو آمدن علاقے کی درمیانی آمدنی کے 80% یا اس سے کم پر ہو۔
- ✓ جن کو COVID-19 کی وجہ سے مالی مشکلات کا (بالواسطہ یا بلاواسطہ) سامنا ہے، بشمول لیکن اس تک محدود نہیں:
  - عارضی طور پر معطل ہونا۔
  - ملازمت کی جگہ بند ہو چکی ہو۔
  - کام کے اوقات میں کمی آنا۔
  - طفلی/ازدواجی معاونت سے محروم ہو جانا۔
- ✓ COVID-19 کی وجہ سے کام تلاش کرنے سے قاصر ہونا۔
- ✓ فاصلاتی تعلیم/ ڈے کیئر یا سکول بند ہونے کی وجہ سے بچوں کے ساتھ گھر پر رہنا۔
- ✓ COVID-19 کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ، جیسے کہ بچے کی نگہداشت، میڈیکل بلز، وغیرہ۔
- ✓ کام کی جگہ پر COVID-19 سے شدید بیمار پڑ جانے کے خطرے کی وجہ سے پچھلی ملازمت میں حصہ لینے کے لیے راضی یا قابل نہ ہونا۔

کال کرنے سے پہلے اپنی تیاری کیسے کریں:

اہلیت کے ثبوت کی تصدیق کرنے کے لیے، وہ توثیقات جمع کریں جو آپ کے پاس ہونا ضروری ہیں:

- آمدن کا ثبوت (مثلاً تنخواہ کی رسیدیں (paystubs)، بینک اسٹیٹمنٹس، آجر سے خط، پینشن)۔
- درست لیز یا مالک مکان-کرایہ دار کے تعلق کی دیگر دستاویز۔
- کرائے کا حساب (جو مالک مکان فراہم کرتا ہے)۔
- Virginia W-9 (جو مالک مکان فراہم کرتا ہے)۔

جب آپ CSP میں کال کریں، تو ایک ماہر:

- آپ کی ضروریات کی نشاندہی کرے گا، مطلوبہ معلومات اکھٹی کرے گا اور معاونت اور وسائل کا لنک فراہم کرے گا۔
- آپ کی اجازت سے، آپ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ضروری معلومات کمیونٹی کی بنیاد پر قائم کی گئی تنظیموں (CBO) کو فراہم کرے گا۔
- اہلیت کا تعین کرے گا کہ آیا آپ کی معاونت کی ضرورت COVID-19 وباء کے نتیجے میں لازمی ہے۔
- آپ کی درخواست کی معاونت کے لیے ای میل اور/یا فیکس کے ذریعے توثیقات کی درخواست کرے گا۔
- مالک مکان/وینڈر سے یہ بات یقینی بنانے کے لیے تصدیق کرے گا کہ وہ CSP کے ساتھ کام کرنے پر راضی ہے۔
- ادائیگی بھیجنے کی درخواست کرنے اور/یا پیش کردہ اضافی خدمات کے لیے CBO کو ریفرلز بھیجے گا۔
- فالو اپ کے لیے آپ کے CSP ماہر سے مربوط ہونے کے لیے بلاواسطہ ٹیلی فون نمبر فراہم کرے گا۔

معاونت حاصل کرنے کے لیے دو اختیارات:

- 703-222-0880 پر کال کر کے اپنے لیے درخواست دیں۔
- اپنی وساطت سے درخواست دینے کے لیے آج ہی اپنے مالک مکان سے رابطہ کریں۔

یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ آیا آپ اہل ہیں یا دیگر اقسام کی معاونت کی ضرورت ہے؟

کرایہ داری یا یوٹیلیٹی کی معاونت کے لیے پہلے معاونت وصول کر چکے ہیں؟

مزید معلومات کے لیے 703-222-0880 پر کال کریں۔

باہمی سروسز کی منصوبہ بندی

703-222-0880

پیر تا جمعہ، صبح 8 بجے - دوپہر 4:30 بجے

انگریزی اور دیگر زبانوں کے لیے **1 دبائیں**۔

ہسپانوی زبان کے لیے **2 دبائیں**۔

کثیر اللسانی ماہرین اور ترجمانی دستیاب ہیں۔

امیگریشن اسٹیٹس، گزشتہ معاونت اور موجودہ ملازمت معاونت میں رکاوٹ نہیں ڈالتیں۔

ہر کیس کا جائزہ انفرادی طور پر لیا جاتا ہے، اور اہلیت کے تقاضوں کی بنیاد پر معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

Fairfax County
Neighborhood and Community Services

Fairfax ضلع تمام ضلع پروگرامز کی خدمات اور سرگرمیوں میں معذوری کے حوالے سے غیر متعصب رہنے کے لیے پر عزم ہے۔ جہاں TTY نمبر کی نشاندہی نہیں کی گئی، وہاں 711/ورجینیا ریلے استعمال کریں۔ درخواست پر معقول رہائش کا انتظام کیا جاتا ہے؛ 703-324-4600 پر کال کریں

Fairfax ضلع، Virginia کی پبلیکیشن۔ 4/2021